پَرل
محفوظ زندگی
بھرپور منافع
Soneri Bank
روشن ہر قدم!
Jubilee
LIFE INSURANCE

آج کل کی غیر یقینی صورتِ حال میں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کی فیملی غیر متوقع واقعات جیسے کہ ناگہانی موت واقع ہوجانے کی صورت میں معاشی طور پر محفوظ رہے، بچت بہت ضروری ہے۔ تاہم بڑھتے ہوئے اخراجات کے ساتھ پیسے بچانا آسان نہیں، بالخصوص اگر خاندان میں آپ اکیلے ہی کمانے والے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ اور آپ کا خاندان پہلے کی طرح اپنے طرزِ زندگی کو برقرار رکھ سکے اور یہ کہ آپ کی بچت میں مسلسل معقول شرح کے ساتھ اضافہ ہوتا رہے، آپ کو یقیناً اس پلان کی ضرورت ہے۔

جوبلی لائف، سونیری بینک لمیٹڈ کے اشتراک سے آپ کے لیے پیش کرتا ہے، پرل پلان، ایک یونٹ لنکڈ پلان جسے خاص طور پر متمول افراد کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ پرل پلان، غیر متوقع واقعات کے خلاف لائف انشورنس کوریج کے ساتھ سرمایہ کاری کے کئی مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔

اہم خصوصیات

- اپنی ضروریات کے مطابق تحفظ کی رقم کا انتخاب
- کسی بھی آپشنل رائڈر کا انتخاب کر کے کوریج میں اضافہ
- افراطِ زر (Inflation) پر قابو پانے کا اختیار
- پریمیئم کی سالانہ، ششماہی ادائیگیوں میں لچک
- سرمایہ کاری کی مناسبت سے چار (4) انویسٹمنٹ فنڈز میں سے اپنی پسند کا انتخاب

پرل پلان سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

انتقال ہوجانے کی صورت میں

ممبر شپ کی مدت کے دوران خدانخواستہ انتقال ہوجانے کی صورت میں نامزد شدہ شخص کو یقین دہانی کرائی گئی رقم (Sum assured) یا آپ کے فنڈز کی جمع شدہ کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو) ادا کی جائیگی۔

انتقال ہوجانے پر آپ کے نامزد شدہ شخص کو، کم از کم یقین دہانی کرائی گئی رقم (Sum assured) لازمی طور پر ادا کی جائے گی۔ یقین دہانی کرائی گئی رقم (Sum assured) کا تعین کور ملٹیپل کو سالانہ بیسک پریمیئم سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے۔ اس پلان کے تحت پیش کیے جانے والے کور ملٹیپلز کی رینج 25-5 ہے، لہٰذا آپ کی یقین دہانی کرائی گئی رقم (Sum assured) سالانہ بیسک پریمیئم کا 5 سے 25 گنا ہوسکتی ہے۔

مثال کے طور پر اگر آپ کا سالانہ بیسک پریمیئم 250,000 روپے ہے اور آپ نے 5 کا کور ملٹیپل لیا ہے تو آپ کی یقین دہانی کرائی گئی مجموعی رقم (Sum assured) ہوگی:

250,000x5 = 1,250,000 روپے*

* پالیسی ہولڈر کے لیے موجود کور ملٹیپلز کی رینج، کور ڈ ہونے والے فرد کی عمر اور انڈر رائٹنگ کے نتائج پر منحصر ہے۔

تکمیل مدت کے فوائد:

پلان کی مدت کی تکمیل پر آپ پلان کی مدت کے دوران کی گئی جمع شدہ رقم (Cash Value) وصول کریں گے۔

کیا میں پرل پلان حاصل کرسکتا ہے؟

اگر آپ کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہے تو آپ پرل پلان حاصل کرسکتے ہیں۔

اس پلان کے لیے دستیاب مدت کتنی ہے؟

دستیاب مدت کی رینج 10 سے 25 سال ہے، بشرطیکہ کہ میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔

کیا اس پلان کے مزید اضافی فوائد بھی ہیں؟

پرل پلان آپ کو درج ذیل میں سے کوئی ایک یا تمام اضافی فوائد انتخاب کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

فائدہ برائے حادثاتی موت (AD)

اس فائدے کے تحت کسی بھی حادثے کی وجہ سے انتقال ہو جانے کی صورت میں آپ کی جانب سے نامزد کردہ شخص کو ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

فائدہ برائے حادثاتی موت یا جزوی مستقل معذوری (ADD)

کسی بھی حادثے کی وجہ سے آپ کی موت ہو جانے یا جسم کا کوئی عضو کٹ جانے کی صورت میں اس فائدے کے تحت ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

فیملی انکم فائدہ (FIB)

گورڈ لائف کی ناگہانی موت واقع ہونے کی صورت میں اُس کے خاندان کو دیگر فوائد کے ساتھ روز مرہ کے اخراجات کے لیے مخصوص مدت تک ایک اضافی رقم بھی فراہم کی جائے گی۔

فائدہ برائے خطرناک امراض (CI)

خدانخواستہ اگر تشخیص سے یہ پتا چلتا ہے کہ آپ بیان شدہ مخصوص شدید بیماریوں میں سے کسی ایک میں مبتلا ہیں تو اُس صورت میں موت کی صورت میں واجب الادا رقم پیشگی ادا کر دی جاتی ہے۔

فائدہ برائے مکمل اور مستقل معذوری (PTD)

مکمل طور پر مستقل معذور ہونے کی صورت میں، موت کی صورت میں واجب الادا رقم پیشگی ادا کر دی جاتی ہے۔

فائدہ برائے معافی اقساط (WOP)

اگر آپ چھ (6) ماہ سے کسی ایسی بیماری اور معذوری میں مبتلا ہیں کہ آپ اپنے روزگار پر یا کسی دیگر روزگار پر جو آپ کے علم، تربیت یا تعلیمی اہلیت کے مطابق موزوں ہو، نہ جا سکتے ہوں تو آپ کو پریمیئم ادا کرنے کی چھوٹ ہوگی اور آپ کا پریمیئم، پریمیئم کی اگلی واجب الادا تاریخ سے جوبلی لائف ادا کرے گا۔

جوبلی میڈی پیل فائدہ (JMP)

کسی ایسی بیماری یا حادثے کی صورت میں جس کے نتیجے میں اسپتال میں داخل ہونا پڑے، یہ رائڈر بیمہ دار (Life Assured) کے اِن پیشنٹ اخراجات کے لیے 250,000 روپے کی سالانہ حد تک کوریج کے ساتھ مالی تحفظ فراہم کرتا ہے۔ مزید برآں، پالیسی ہولڈر کے پاس یہ اختیار بھی ہوگا کہ وہ اپنے شریک حیات کے لیے میڈی پیل کا انتخاب کر سکے۔ پالیسی ہولڈر کو کسی بھی منظور شدہ اسپتال میں کوئی ادائیگی کیے بغیر پرائیویٹ روم کے ساتھ معیاری طبّی خدمات کی سہولیات حاصل ہوں گی۔

مزید تفصیلات کے لیے، براہِ مہربانی "جوبلی میڈی پیل" کا علیحدہ کتابچہ ملاحظہ کریں۔

مجھے پرل پلان کی سہولیات حاصل کرنے کیلئے کتنا پریمیئم ادا کرنا ہوگا؟

آپ پریمیئم کی ادائیگی سالانہ، ششماہی کر سکتے ہیں۔ کم از کم پریمیئم کی ادائیگی کا بریک ڈاؤن درج ذیل جدول میں دیکھا جا سکتا ہے۔

ادائیگی کی بنیاد	کم از کم ادا کی جانے والی رقم
سالانہ	250,000روپے
ششماہی	125,000روپے

اس پلان میں میرے پریمیئم کو کس طرح مختص کیا جائے گا؟

پرل پلان میں آپ کی طرف سے ادا کیے جانے والے پریمیئم درج ذیل جدول کے مطابق مختص ہوں گے:

پالیسی کے سال	ایلوکیشن %
1سال	60%
2سال	95%
3سال اور اُس کے بعد	100%
ایڈہاک پریمیئم	100%

پالیسی کے 5,7,10,15,20 اور 25ویں سال میں 100% سے زائد جتنا بھی بونس ہوگا آپ اس سے درج ذیل جدول کے مطابق فائدہ حاصل کر سکیں گے:

پالیسی کے سال	بونس ایلوکیشن *%
5سال	3%
7سال	7%
10سال	15%
15سال	20%
20سال	25%
25سال	30%

* مختص کردہ بونس رقوم شرائط وضوابط سے مشروط ہیں۔

میری جانب سے پرل پلان میں ادا کیے گئے پریمیئم کو جوبلی لائف کس طرح استعمال کرے گا؟

آپ کے مختص کردہ پریمیئم سے آپ کے پسندیدہ فنڈز میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔ یہ فنڈز پریمیئم سیکورٹیز کے حمایت یافتہ ہیں اور ان میں سرمایہ کاری کے ماہر منتظمین کے زیرِ انتظام کی جاتی ہے۔

جوبلی لائف آپ کو، انتخاب کرنے کے لیے مندرجہ ذیل چار (4) فنڈز کی پیشکش کرتا ہے۔

مینیجڈ فنڈ

اس فنڈ کو ایک متوازن پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کے بہترین نتائج حاصل کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

یقین گروتھ فنڈ

اس فنڈ کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ اس میں سرمائے کے گھٹنے کا خطرہ بھی کم سے کم ہو اور مستحکم منافع بھی کمایا جائے۔

کیپیٹل گروتھ فنڈ

یہ فنڈ اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ شیئرز کے مختلف پورٹ فولیو، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ منافع کمایا جاسکے۔

میثاق فنڈ

یہ فنڈ اس طرح وضع کیا گیا ہے کہ اس کے ذریعے بلاسود منافع فراہم کیا جاسکے۔

کیا میں مزید سرمایہ کاری کرسکتا ہوں؟

پالیسی ہولڈر پالیسی کی مدت کے دوران کسی بھی وقت مزید سرمایہ کاری کرسکتا ہے۔ یہ ایڈہاک پریمیئم تصور کیے جائیں گے اور اس وقت کے آفر پرائس پر آپ کی پسند کے فنڈ/فنڈز میں انویسٹ کیے جائیں گے۔

کیا پرل پلان انفلیشن کو کور کرنے میں میری مدد کرسکتا ہے؟

انفلیشن کی صورت میں آپ کے پاس آپ کی پالیسی میں انڈیکسیشن کے انتخاب کی سہولت موجود ہے۔ اس آپشن کے انتخاب کی صورت میں آپ کے پریمیئم میں کمپنی کی جانب سے معیّن کی جانے والی ایک حد تک ہر سال از خود اضافہ ہوتا رہے گا۔ تاہم آپ کو یہ حق ہے کہ آپ چاہیں تو انڈیکسیشن کو منسوخ کردیں۔

کیا پرل پلان سے جمع شدہ نقد رقم نکلوائی جاسکتی ہے؟

جی ہاں! پرل پلان سے جزوی یا کلی طور پر نقد رقم (انویسٹمنٹس) نکالنے کی سہولت موجود ہے۔

جزوی دستبرداری:

اگر آپ کسی اچانک درپیش ضرورت کی وجہ سے کیش نکلوانا چاہتے ہیں لیکن پالیسی کو سرینڈر نہیں کرنا چاہتے تو آپ کم سے کم نکالی جانے والی رقم کی حد تک رقم نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ رقم نکلوانے کے بعد آپ کی پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو 250,000 روپے یا اس سے زیادہ ہو (باقی ماندہ کیش ویلیو کی حد کمپنی کی صوابدید پر ہے)۔ جزوی طور پر رقم نکلوانے کے باوجود بھی آپ کو لائف انشورنس کوریج حاصل رہے گا مگر آپ کے سم اشورڈ میں جزوی طور پر نکالی گئی رقم جتنی کٹوتی کی جائے گی۔ پالیسی کے پہلے دو سال کے دوران جزوی طور پر رقم نکلوانا، جزوی طور پر رقم نکلوانے کے چارجز سے مشروط ہے۔ یہ چارجز آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں موجود بقیہ رقم سے منہا کر لیے جائیں گے۔ پالیسی کے دو سال مکمل ہونے کے بعد جزوی طور پر رقم نکلوانے پر کوئی چارجز لاگو نہیں ہوں گے۔

مکمل دست برداری:

آپ کسی بھی وقت اپنے پلان سے مکمل طور پر دست بردار ہو سکتے ہیں۔ مکمل دستبرداری کے وقت سرینڈر چارج کی کٹوتی کے بعد آپ کو، فنڈز / فنڈز میں موجود نقد رقم ادا کر دی جائے گی۔ پالیسی کے پہلے دو سال کے دوران دست برداری کی صورت میں یونٹس کی بڈ ویلیو پر سرینڈر چارج کا اطلاق ہوگا۔ پالیسی کے دو سال مکمل ہونے کے بعد یونٹس کی پیشکش کی قدر پر کسی سرینڈر چارج کا اطلاق نہیں ہوگا تاہم اگر پالیسی کے ابتدائی سالوں میں مکمل دستبرداری کی گئی تو کیش ویلیو کم ہو سکتی ہے۔

فری لُک پیریڈ:

جوبلی لائف آپکو آفر کرتا ہے 14 دن کا فری لک پیریڈ جس میں آپ پالیسی کی تمام شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اگر چاہیں تو پالیسی ختم کر سکتے ہیں۔ اگر پالیسی کے اجراء کے 14 دن کے اندر منسوخی کی تحریری درخواست موصول ہوگئی تو آپ کا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا۔ براہِ مہربانی نوٹ فرمالیجیے کہ جوبلی لائف یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ آپ کے میڈیکل ایگزامینیشن پر ہونے والے اخراجات کی کٹوتی کرے (اگر کوئی ہیں)۔

پرل پلان میں کون سی فیسوں کا اطلاق ہوگا؟

پرل پلان میں درج ذیل فیسوں* کا اطلاق ہوگا:

بڈ / آفر اسپریڈ:	بِڈ آفر اسپریڈ کا 5%
مینجمنٹ چارج:	فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ
ایڈمنسٹریشن فیس:	165 روپے ماہانہ
مورٹیلٹی چارج:	تکمیل شدہ عمر کی بنیاد پر خطرے میں موجود رقم پر اطلاق ہوگا
فنڈ سوئچنگ چارجز:	ایک سال میں چار مرتبہ مفت منتقلی کے بعد ہر مرتبہ 500 روپے
مکمل دستبرداری / جزوی رقم نکلوانے کا چارج:	پالیسی کے پہلے اور دوسرے سال میں 5% چارج۔ پالیسی کے پہلے دو سال گزرنے کے بعد کوئی چارجز لاگو نہیں ہوں گے۔

* کمپنی کی جانب سے تمام فیسوں میں تبدیلی بھی کی جا سکتی ہے۔

ضروری معلومات:

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔سونیری بینک لمیٹڈ یا اُس کے کسی ملحقہ ادارے اس سے متعلقہ کسی چیز کے ضامن نہیں ہونگے اور نہ ہی یہ پروڈکٹ سونیری بینک کی جانب سے پیش کی جارہی ہے۔ جوبلی لائف بیمہ شدہ افراد اور ورثاء کو کلیم کی ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔

- جوبلی لائف فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ضروری نہیں ہے کہ مستقبل کی کارکردگی کی رہنمائی کرے۔کوئی بھی کی گئی پیش گوئی ضروری نہیں ہے کہ فنڈز کے مستقبل کی کارکردگی کی نشان دہی کرے۔اس سلسلے میں نہ تو جوبلی لائف اور نہ ہی سونیری بینک لمیٹڈ کسی بھی طرح ذمہ دار ہیں۔

- انشورنس کنسلٹنٹ کی جانب سے فوائد کی ایک ذاتی السٹریشن فراہم کی جائیگی۔ازراہ کرم السٹریشن میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط وضوابط اچھی طرح سمجھ لیجئے۔

- براہ کرم پالیسی دستاویزات میں دی گئی تفصیلات اور مختلف شرائط وضوابط اچھی طرح سمجھ لیجئے۔

- پالیسی حاصل کرتے وقت پالیسی ہولڈر کی عمر 55 سال یا اس سے کم ہو تو (جوبلی میڈی پال ضمنی تکافل فائدے کے علاوہ) وہ ضمنی فوائد حاصل کرسکتا ہے۔

- سونیری بینک لمیٹڈ، جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے بطور ڈسٹری بیوٹر کام کررہا ہے اور کسی بھی شخص کے سامنے، بشمول انشورڈ کسٹمر/کسٹمرز، نامزد کنندہ/کنندگان کسی بھی بات کا ذمہ دار نہیں ہے اور نہ ہوگا۔

- جوبلی لائف اس انشورنس پالیسی کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور انشورڈ کسٹمر/کسٹمرز یا نامزد کنندہ/ کنندگان کے دعوں کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔

- سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشات پالیسی ہولڈر برداشت کرے گا اور اصل میچورٹی یا سرینڈر ویلیوز متوقع رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔

- ازراہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ (http://jubileelife.com/investor-relations/investors-outlook/) پر رجوع کریں

رابطے کی تفصیلات:

مزید معلومات یا شکایات کی صورت میں درج ذیل پتے پر رابطہ کریں:

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: A-1/74 لالہ زار، ایم ٹی خان روڈ کراچی 74000، پاکستان۔

ٹیلی فون: (021) 32120201, 35205095

فیکس: (021) 35610959

ای میل: info@jubileelife.com ویب سائٹ: www.Jubileelife.com

یو اے این: (021) 111-111-554

8398 پر "JUBILEELIFE" لکھ کر ایس ایم ایس کریں

24/7 Phone Banking: 021-111-SONERI (766374)
Over 285 branches & 300+ ATMs | www.soneribank.com
SoneriBankPK | @SoneriBank_Pk

Soneri Bank

روشن ہر قدم!